10/05/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی

نشہ مکت

جمونو کشمیر میں100دنوں پر محیط منشیات مخالف ابھیان کے تحت عوام میں جانکاری پیدا کرنے کے عمل میں ایک خاص پیش رفت حاصل ہو رہی ہے۔ اس ابھیان کے تحت اب تک منعقد کئے گئے2لاکھ16ہزار123 جانکاری پروگراموں زائد از ایک کروڑ لوگوں نے اپنی سرگرم شرکت دکھائی ہے۔

نشہ مکت جمونوکشمیر ابھیان کے تحت پولیس کی کارروائیوں میں تاحال3کلو 8سو گرام ہیروئن// 32کلو920 گرام چرس// اور222کلو گانجہ ضبط کیا گیا ہے۔

اننت ناگLG

اسی دوران لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اننت ناگ ضلعے کو منشیات سے پاک کرنے کے لئے سماج کے سبھی طبقوں کا تعاون طلب کیا ہے ۔

اننت ناگ میں بائز ڈگری کالج سے منشیات مخال پد یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے بعد انہوں نے کہاکہ منشیات کا ناسور سماج کو کھوکھلا کر رہا ہے اور اس کا قلع قمع کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے ۔

------LG------

اس پد یاترا میں کافی تعداد میں طلباء، تاجروں اور سماج کے مختلف طبقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ آج گاندربل کا دورہ کر کے وہاں 40کروڑ روپے کی لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

وہ وہاں مختلف کلیدی نوعیت کے ترقیاتی اقدامات کا بھی تفصیلی جائزہ لیں گے۔

عمر عبداللہ

اس سے پہلے وزیر اعلیٰ نے رائل سپرنگس سرینگر میں ایک گالف ٹورنامنٹ کا افتتاح کر تے ہوئے کہا کہ عالمی سطح کا گالف کورس نہ صرف مقامی گالف کھلاڑیوں کو تحریک بخشے گا بلکہ اس سے یہاں کے سیاحت میں بھی چار چاند لگ جائیں گے۔

---(Golf)--CM-----

ملاقات

بانہال سجاد شاہین نے وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ سے ملاقات کرکے اُن سے اپنے MLA اسی دوران حلقے سے جڑے کئی ترقیاتی امور پر تبادلہ خیال کیا۔

جا وید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار اور کھیل کود کے وزیرستیش شرما نے شمالی کشمیر کے بارہمولہ ، سوپور اور رفیع آباد علاقوں کا دورہ کر کے وہاں تعمیر و ترقی اور کھیل کود کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کا جائزہ لیا۔

انہوںنے وہاں مقامی لوگوں اور نوجوان ایتھلیٹوں سے بھی بات چیت کی۔ اس موقعے پر دونوں وزراءنے کہا کہ سرکار جموںو کشمیر میں کھیل کود کے سیکٹر کو بڑھاوا دینے کےلئے پُر عزم اور وعدہ بند ہے۔

یوم مادر

یعنی یوم مادر ہے۔ یہ دن ہر سال مئی کی دوسری اتوار کو منایا جا تا ہے۔یہ Mothers Dayآج دن دنیا بھر میں ماؤں کی شفقت اور ان کی قربانیوں کے اعتراف میں ان کے تئیں سپاس گذاری کا اظہار کرنے کا ایک موقع ہے۔

قابل ذکر ہے کہ ماں بے لوث محبت، شفقت ، وابستگی اور قربانیوں کا ایک مجسمہ ہوتی ہے۔

-----Music-----

ایڈمیشن

جموں کشمیر کے سبھی ڈگری کالجوں میں چار سالہ انڈر گریجویٹ اور پانچ سالہ انٹیگریٹیڈ PG کورسز کیلئے داخلے کا عمل کل سے شروع ہو گیا ہے۔

خواہشمند طالب علم ان کورسوں کےلئے27مئی تک آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔

CMs

تامل ناڈو میں TVK کے بانی لیڈر اور مشہور فلم ادا کار سی۔جوزف وجے آج ریاست کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے عہدے اور رازداری کا حلف لیں گے۔ حلف برداری کی تقریب صبح10بجے منعقد ہو گی۔

اُدھرمغربی بنگال میں شُوِندو ادھیکاری نے نئی سرکار کی باگ ڈور سنبھال لی ہے۔ وہ وہاں بی جے پی کے پہلے وزیر اعلی بن گئے ہیں۔وہاںکل حلف برداری کی ایک شانداز تقریب منعقد ہوئی۔

رنگا سوامی کو پڈوچری کاوزیر اعلیٰ مقرر کیا Nاسی دوران صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ہے۔ اس منظوری کے بعد یوٹی کے لیفٹنٹ گورنر نے رنگا سوامی کو نئی سرکار بنانے کےلئے مدعو کیا ہے۔حلف برداری کی تقریب13مئی کو منعقد ہو گی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ25 اعشاریہ 4 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

....